## سوال

(143) کیا مسلمانوں کے قبرستان کا درخت مسجد کے مصر میں لا سکتے ہیں ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مسلمانوں کا مقبرہ کا درخت مسجد کے مصرف میں یا اپنے ذاتی کام میں لا سکتے ہیں یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مقبرہ بھی وقف ہوتا ہے اور مسجد بھی وقف ہے ۔ ایک وقف کا مال دوسرے وقف میں لگانا درست ہے ۔ لیکن اپنے کام میں لانا درست نہیں ہے ۔ واللہ أعلم بالصواب

(مولانا) عبد السلام بستوی، اہل حدیث دہلی جلد نمبر ۹، ش نمبر ۱)

تشریح : ... قبرستان کا متولی اپنے ذاتی کام میں استعمال کر سکتا ہے اور اپنے دوست احباب یا اقرباء کو عطیہ کے طور پر دے سکتا ہے ۔ جیسا کہ وقف شدہ باغ سے باغ کا متولی خود بھی کھا سکتا ہے اور اپنے احباب کو بھی کھلا سکتا ہے ۔ کتب حدیث باب الاقاف کا مطالعہ کریں ۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد02**